ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

MEDIA REFLECTIONS

FEB-2007

Prepared By
Jenab Eishan Ahmad Dar
Media Consultant
Humsafar Marriage Counselling Cell

06 FEBRUARY 2007

اسلامی طریقے پر شادی کا اہتمام، کوئی لین دین نہیں ہوا

سرینگر//اہم سفر میرج کونسلنگ سیل کا کہ سرائے کے اہتمام سے آج سادہ طریقے پر ایک شادی انجام دی گئی۔ نکاح کی یہ مجلس اسلامی دعوت سنٹر باغ مندر بالا میں ہوئی۔ اس میں طارق الاسلام حال صورہ سرینگر کا نکاح حنیفہ کے ساتھ پڑھا گیا۔ نکاح کی مجلس میں خود لڑکے، اس کے والد اور بھائی نے شرکت کی جبکہ لڑکی کی طرف سے خود لڑکی اور اس کے والدین نے شرکت کی۔ نکاح کی اس مجلس میں مہمانوں کی تواضع چھوہاروں، نمکین چائے اور شیرمال سے کی گئی۔ نکاح خوانی کے بعد دلہن اپنی والدہ اور چند دیندار لڑکیوں کے ساتھ شرعی پردہ میں سسرال روانہ ہوگئی۔ اس نکاح میں کوئی ناجائز لین دین نہیں ہوا، نہ ہی کوئی اسراف کیا گیا۔

25 FEBRUARY 2007 KASHMIR UZMA

شاہی مسجد شریف حنفیہ زیر پارہ بجبہاڑہ کشمیر

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل اسلام آباد اور جناب فیاض احمد زرو صاحب کو اوقاف کمیٹی حنفیہ شاہی مسجد زیر پارہ کی طرف سے مبارک باد

حکومت کو ریڈیو کشمیر سرینگر پر آلو پروگرام پھر سے نشر کرنے کا مطالبہ

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے یکم فروری 2008ء جمعتہ المبارک کو حنفیہ شاہی مسجد شریف زیر پارہ بجبہاڑہ میں سماجی بدعتوں کے خلاف ایک روزہ سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں وادی کے بہت سارے علمائے دین نے شرکت کی۔ انہوں نے امت مسلمہ پر زور دیا کہ وہ سماج میں پھیلی ہوئی رسومات بد کا خاتمہ کرنے کیلئے متحد ہوجائے۔ اور خاص کر شادی بیاہ کے موقعوں پر ان مقدس رشتوں کا انعقاد شریعت کے تحت کیا کریں۔ اس موقع پر جناب فیاض احمد زرو صاحب کو مبارک باد دی گئی کہ انہوں نے ہی ایک منظم تحریک کو قائم کر کے سماجی برائیوں کا خاتمہ کرنے کیلئے بیڑا اپنے کندھوں پر اُٹھایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے اس مشن میں کامیابی عطا کرے۔ اس موقع پر اوقاف کمیٹی زیر پارہ کی طرف سے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل (شاخ اسلام آباد) اور اس کے چیرمین کو مبارک باد پیش کی گئی۔ اس موقع پر نکاح خوانی کی ایک مقدس مجلس بھی منعقد ہوئی۔ جس میں محترمہ سکینہ دختر مرحوم علی محمد شالہ کا نکاح ڈاکٹر اعجاز احمد بیگ ساکن بیرفوڈ اسلام آباد کے ساتھ خود جناب فیاض احمد زرو صاحب نے پڑھادیا۔ اس موقع پر سینکڑوں افراد نے دونوں خاندانوں کو مبارک باد دی۔ اوقاف کمیٹی زیر پارہ ریڈیو کشمیر کے اعلیٰ حکام اور ریاستی وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ جناب فیاض احمد زرو صاحب کا نصیحت آموز پروگرام (آسان نکاح سادہ شادی والا پروگرام) پھر سے نشر کرنے کی اجازت دیں۔ اس پروگرام کے بند ہونے سے بہت سی غریب گھروں کی لڑکیوں جن کی شادیاں رسومات بد اور فضول خرچی کی وجہ سے رکی تھیں کی امیدوں پر پانی پھیر گیا۔ اگر یہ پروگرام جلدی سے نشر پھر نہ ہوا تو ہم سمجھیں گے کہ ریڈیو کشمیر اور حکومت کو غریب لوگوں کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں ہے۔

غلام نبی گنائی

سیکریٹری اوقاف اسلامیہ: شاہی مسجد شریف حنفیہ زیر پارہ بجبہاڑہ کشمیر

Kashmir Uzma Dated 25-02-07